قوم کی ماں

فاطمہ جناح ہماری ماں تھیں ۔ جب وہ زندہ تھیں تو چھوٹے بڑے سب ان سے پیار کرتے تھے ۔ ان کی عزت کرتے تھے ۔ اب وہ ہم میں موجود نہیں ہیں لیکن اب بھی ہم ان سے محبت کرتے ہیں ۔ ان کی یاد ہم سب کے دلوں میں موجود ہے اور ہمیشہ باقی رہے گی ۔

فاطمہ قائداعظم کی چھوٹی بہن تھیں ۔ قائداعظم کو فاطمہ سے بہت محبت تھی ۔ فاطمہ بھی قائداعظم سے بہت محبت کرتی تھیں ۔ وہ دونوں ہمیشہ ساتھ ساتھ رہے ۔ فاطمہ اپنے بھائی کا بہت خیال رکھتی تھیں ۔ ان کے لیے کھانا اپنی نگرانی میں پکواتیں ۔ قومی کاموں کے لیے قائداعظم اکثر سفر کرتے رہتے تھے ۔ سفر میں بھی فاطمہ ان کے ساتھ جاتیں اور ان کے آرام کا پورا پورا خیال رکھتیں ۔ جب تک قائداعظم جاگتے رہتے، فاطمہ بھی جاگتی رہتیں ۔

قائداعظم اپنی عمر کے آخری دنون میں بیمار ہوئے تو فاطمہ نے ان کی بہت خدمت کی ۔ ان کے لیے وہ ساری ساری رات جاگتیں ۔ ان کو دوا پلاتیں اور ان کی صحت کے لیے دعائیں مانگتیں ۔

قائداعظم کی طرح فاطمہ جناح کا بھی ہم پر بہت احسان ہے۔ پاکستان بنانے میں فاطمہ کا بھی بہت حصہ ہے۔ انھیں پاکستان سے بڑی محبت تھی۔ وہ چاہتی تھیں کہ ہمارا ملک زیادہ سے زیادہ ترقی کرے، یہاں کے لوگ خوش حال ہوں۔

فاطمہ ہمیشہ سچی بات کہتی تھیں۔ وہ کسی سے ڈرتی نہیں تھیں۔ انھیں اللہ نے بڑی ہمت عطا کی تھی۔ قائداظم کے بعد بھی انھوں نے ملک کی بہت خدمت کی۔ جب بھی قوم کو ان کی مدد کی ضرورت پیش آئی، وہ خوشی سے آگے بڑھیں۔

قوم پر فاطمہ جناح کا بڑا احسان ہے۔ اسی لیے قوم انھیں "مادر ملت" کہ کر پکارتی ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ "قوم کی ماں"

خدا مادر ملت کو جنت نصیب کرے۔ "آمیں